احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ
رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴
فون: ۴۴۹
ایڈیٹر: نسیم سیفی

جلد ۷۸/۴۳ شمارہ نمبر ۱۲۱
جمعرات

۴۔ ذوالحجہ ۱۴۱۳ھ
۲۷۔ ہجرت ۱۳۷۲ ہش
۲۷۔ مئی ۱۹۹۳ء

یوم قدرت ثانیہ نمبر

ارشادات حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ

"یہ سچی بات ہے کہ جو شخص اعمال سے کام نہیں لیتا وہ دعا نہیں کرتا، بلکہ خدا تعالیٰ کی آزمائش کرتا ہے اس لئے دعا کرنے سے پہلے اپنی تمام طاقتوں کو خرچ کرنا ضروری ہے۔ اور یہی معنی اس دعا کے ہیں۔ پہلے لازم ہے کہ انسان اپنے اعتقاد اعمال میں نظر کرے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کی عادت ہے کہ اصلاح اسباب کے پیرایہ میں ہوتی ہے۔ وہ کوئی نہ کوئی ایسا سبب پیدا کر دیتا ہے کہ جو اصلاح کا موجب ہو جاتا ہے۔ وہ لوگ اس مقام پر ذرا خاص غور کریں جو کہتے ہیں کہ جب دعا ہوئی تو اسباب کی کیا ضرورت ہے۔" (ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۷۸)

ارشادات حضرت امام جماعت احمدیہ۔ الاوّل

"اللہ کو اپنا بناؤ۔ جب وہ ہمارا ہو جائے گا تو سب ہمارا ہی ہے۔ اور وہ تقویٰ اور صرف تقویٰ سے اپنا بنتا ہے۔ اس لئے اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تمہارا ہو جائے تو تم تقویٰ اختیار کرو۔ تقویٰ ایسی دولت ہے کہ اس سے بڑی بڑی مرادیں حاصل ہوتی ہیں۔ ہر شخص کی فطرت میں ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ کوئی اس کے ساتھ ہو اور وہ عظیم الشان ہو۔ اس سے محبت کرے۔ اور اللہ تعالیٰ متقی سے آپ محبت کرتا ہے۔" (از خطبہ جمعہ ۱۹۔ مئی ۱۹۱۱ء)

ارشادات حضرت امام جماعت احمدیہ۔ الثانی

"قرآن کریم میں تقویٰ کی ایک اور بھی تعریف بیان کی گئی ہے۔ اور اس تعریف کی رُو سے تقویٰ کا تعلق انسانی فطرت سے ہے۔ نہ کہ مذہب سے (۔۔) ہر انسان کو اس کی پیدائش کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے ایک امتیازی قابلیت بخشی ہے۔ جس کے ذریعہ سے وہ بُرے اور بھلے میں تمیز کرتا ہے۔ یہ قابلیت مسلمان یا غیر مسلمان کے ساتھ تعلق نہیں رکھتی۔ بلکہ ہر انسان میں پیدا کی گئی ہے۔ پس اس تعریف کے مطابق تقویٰ کے معنے فطرت کی حفاظت کے ہیں نہ کہ کسی خاص مذہب یا عقیدہ کے۔"

ارشادات حضرت امام جماعت احمدیہ۔ الثالث

"حقوق اللہ کو قائم کرنے اور حقوق اللہ کی ادائیگی کیلئے بین الاقوامی تعلقات مضبوط اور پختہ طور پر استوار کرنے چاہئیں۔ نہ اس لئے کہ اقوام عالم کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑ دیا جائے۔ کیونکہ اللہ کا بندہ صرف ایک کا غلام بن سکتا ہے۔ یعنی اپنے مقصد پیدائش کے لحاظ سے صرف ایک ہی ذات کا انسان غلام بن سکتا ہے اور وہ اللہ کا وجود ہے۔ اور ہر وہ غلامی جو اس غلامی کے علاوہ ہے خدا کی نگاہ میں محبوب اور پیاری نہیں اور نہ انسان کو اس غرض کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔" (الفضل ۳۰۔ جولائی ۱۹۶۹ء)

ارشادات حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

"جب ایک انسان خدا کو چھوڑ کر جھوٹ کا دامن پکڑ لیتا ہے تو عملاً وہ یہ کہہ رہا ہوتا ہے کہ ہمارا رب جھوٹ ہے۔ اور اس جھوٹے خدا کے ذریعہ ہمیں مشکلات سے نجات ملے گی۔ تب اس کا رستہ الگ اور خدا کا رستہ الگ۔ پھر اگر مصیبتوں میں پڑتا ہے تو وہ مصیبتیں بھی ابتلاء نہیں بلکہ ہلاکت کی مصیبتیں ہیں۔ اگر اسے رزق بھی مل جاتا ہے تو وہ ایک بد اور بد بلانے والا رزق ہے۔ اس کا شیطان سے تعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق نہیں۔ تو کیوں اپنی زندگی کو تباہ کرتے ہیں۔ ایک جگہ جھوٹا سجدہ کر دیں تو بعض دفعہ انسان ساری زندگی کے لئے توحید سے محروم رہ جاتا ہے۔ پس جھوٹ کی عبادت کرنا بہت ہی خطرناک شرک ہے۔"
(الفضل ۵۔ اکتوبر ۱۹۹۲ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ
پبلشر: آغا سیف اللہ۔ پرنٹر: قاضی منیر احمد
مطبع: ضیاء الاسلام پریس۔ ربوہ
مقامِ اشاعت: دار النصر غربی۔ ربوہ
قیمت
دو روپے پچاس پیسے

۲۷۔ ہجرت ۱۳۷۲ ہش ۲۷۔ مئی ۱۹۹۲ء

تسلسل کی طاقت

اللہ تعالیٰ کا یہ قانون ہے اور دنیا کا یہ دستور ہے کہ کسی چیز کو دیر تک زندہ رکھنے اور آگے چلانے کے لئے تسلسل قائم کیا جاتا ہے۔ تسلسل نہ ہو تو اچھی سے اچھی چیز دب کر رہ جاتی ہے اور کچھ دیر بعد معدوم بھی ہو جاتی ہے۔ دنیا میں انسانیت جاری ہے تو ایسا اس دنیا میں انسانوں کی آمد سے ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ جب بھی کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو اسکی پیدائش یہ دلیل مہیا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ابھی انسانوں سے مایوس نہیں وہ ان کا تسلسل چاہتا ہے اور اس تسلسل کیلئے انسان پیدا ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ اگر انسان پیدا ہونے رُک جائیں تو کچھ عرصہ کے بعد یہ دنیا از خود ختم ہو جائے۔

پیغام کے سلسلہ میں بھی یہی قانون رائج ہے۔ اس کو قائم و دائم رکھنے کیلئے تسلسل کی ضرورت ہے۔ صرف پیغام کے الفاظ کی موجودگی نہیں بلکہ اس کو مؤثر بنانے کیلئے اور اس کی تاثیر کو جاری رکھنے کے لئے تسلسل کی ضرورت ہے۔ جو پیغامات نہ صرف بولے گئے الفاظ پر یا لکھی گئی تحریر میں محفوظ ہوتے ہیں وہ قائم بھی رہیں تو ان کی تاثیر کم ہو جاتی ہے۔ اور تاثیر کم ہوتے ہوتے پیغام کو نظروں سے اوجھل کر دیتی ہے۔ لیکن اگر اس پیغام کو دہرایا جائے۔ بار بار لوگوں کے سامنے پیش کیا جائے تو یقیناً یہ بات اس پیغام کی زندگی کا ثبوت ہوتی ہے۔

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ پر اپنی سلامتی نازل فرماتا رہے نے فرمایا تھا کہ میرے جانے کے بعد جو قدرت ثانیہ آئے گی وہ دائمی ہوگی۔ اور یہی قدرتِ ثانیہ دراصل حضور اقدس کی روحانی زندگی کا تسلسل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جب سے اس تسلسل کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ لمحہ بہ لمحہ اور قدم بہ قدم اس میں قوت کا احساس بڑھ رہا ہے۔ آج سے پچاسی سال پہلے جماعت کی جو کیفیت تھی اس کا آج کی کیفیت سے موازنہ کر کے دیکھئے تو پتہ چلتا ہے کہ اس تسلسل نے کیا کارہائے نمایاں دکھائے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اس تسلسل کو کس کس طرح نوازا ہے۔ کون سوچ سکتا تھا کہ قادیان سے اٹھنے والی ہلکی سی آواز فضاؤں میں اس طرح گونجے گی کہ ساری دنیا بیک وقت سُنے گی۔

اللہ تعالیٰ کا یہ فضل تسلسل کے نتیجہ میں ہے جو اس نے حضرت اقدس کی جانشینی کی صورت میں جماعت کو عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اس تسلسل کو تا قیامت جاری رکھے۔

مِرا گمان یقیں میں بدل دیا تُو نے
مِری خِرد پہ یہ کیسا کرم کیا تُو نے
مِرے خیال کے سینے سے زخم رِستا تھا
بس اِک نگاہ سے ہر زخم کو سِیا تُو نے

ابوالاقبال

سات سمندر پار کسی کی ہلکی سی آواز
بن جاتی ہے روحوں کی بیتابی کی ہمراز

پَر والوں کو لے ڈوبا ہے کس بَل کا احساس
وہ کیا جانیں، وہ کیا سمجھیں، بے پَر کی پرواز

مَیں نے پاؤں پاؤں چل کر منزل پانا چاہی
تُو نے دی رفتار کو تیزی وہ بھی بے انداز

یوں لگتا ہے راتوں رات بہت کچھ اَدْلا بَدلا
یوں لگتا ہے میرے عجز کا ہے یہ کوئی راز

ایک اکیلا آج کروڑوں کی صورت میں جھلکا
تیرے منہ کی ہر اک بات ازل سے ہے اعجاز

میرے شہر کے کُوچے کوچے میں ہے ایک صلیب
میرے شہر میں دار و گیر ہے جینے کا انداز

لہَروں لہَروں تیر کے ہم طوفانوں سے ٹکرائے
ہر منجدھار کو غور سے دیکھ کے جانا، خانہ ساز

سچّی بات کی خوشبو ہر سُو ہر دَم پھیلتی جائے
جھوٹ اکیلا رہ جاتا ہے بے دم، بے دمساز

میرے زخموں سے آتی ہے پھولوں کی خوشبو
میرے آنسو ہیں دَر پَردہ خوشیوں کے غماز

کاش نسیم زمانہ ہم سے مل کر چلتا جائے
دنیا بھر کی خدمت اپنی خدمت کا ہے راز

نسیم سیفی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سیّدنا حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کا بابرکت منظوم کلام

ٹوٹے کاموں کو بناوے جب نگاہِ فضل ہو ؛ پھر بنا کر توڑ دے اِکدم میں کر دے تار تار
تو ہی بگڑی کو بناوے توڑ دے جب بن چکا ؛ تیرے بھیدوں کو نہ پاوے سو کرے کوئی بچار
جب کوئی دل ظلمتِ عصیاں میں ہووے مُبتلا ؛ تیرے بن روشن نہ ہووے گو چڑھے سورج ہزار
اس جہاں میں خواہشِ آزادگی بے سُود ہے ؛ اِک تری قیدِ محبّت ہے جو کر دے رستگار
دل جو خالی ہو گدازِ عشق سے وہ دل ہے کیا ؛ دل وہ ہے جس کو نہیں بے دلبرِ یکتا قرار
فقر کی منزل کا ہے اوّل قدم نفیٔ وجود ؛ پس کرو اس نفس کو زیر و زبر از بہرِ یار
تلخ ہوتا ہے ثمر جب تک کہ ہو وہ ناتمام ؛ اِس طرح ایماں بھی ہے جبتک نہ ہو کامل پیار
تیرے مُنہ کی بھوک نے دل کو کیا زیر و زبر ؛ اَے مرے فردوسِ اعلیٰ اب گرا مجھ پر ثمار
اَے خدا اَے چارہ سازِ درد ہم کو خود بچا ؛ اَے مرے زخموں کے مرہم دیکھ میرا دل فگار
باغ میں تیری محبّت کے عجب دیکھے ہیں پھل ؛ ملتے ہیں مشکل سے ایسے سیب اور ایسے انار

تیرے بن اَے میری جاں یہ زندگی کیا خاک ہے
ایسے جینے سے تو بہتر مَر کے ہو جانا غبار

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ میں نظامِ امامت کا قیام

تاریخ احمدیت کے اہم گوشے

امامتِ اُولیٰ کا قیام

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کی وفات کے بعد ایک بہت اہم سوال یہ پیدا ہوتا تھا کہ جماعت کے مستقبل کی قیادت کی شکل کیا ہوگی؟ کیا یہ اُن گدیوں کی نہج پر چل پڑے گی جن میں پیروں کا روحانی ورثہ پُراسرار طریق پر خود بخود اولاد میں نسلاً بعد نسلٍ منتقل ہوتا رہتا ہے۔ یا جمہوریت کی اس ڈگر پر چل پڑے گی کہ طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں۔ لہٰذا مذہبی امور میں بھی عوام ہی کا اقتدار چلے گا اور جمہوری طریق پر ایک ایسی مذہبی قیادت کو جنم دیا جائے گا جو نہ صرف عوام کے سامنے جواب دہ ہو بلکہ عوام کی منشاء کے رحم و کرم پر رہے جب تک وہ اُسے قابل سمجھیں قیادت پر فائز رکھیں، جب نااہل تصوّر کرنے لگیں یا اپنے مزاج کے خلاف پائیں تو اسے ردّ کر دیں۔

تیسرا سوال یہ تھا کہ کیا یہ قیادت وہ طریق اختیار کرے گی جو مذہبی جماعتوں کے شایانِ شان ہے۔ اس طریق کا فلسفہ یہ ہے کہ مذہبی قیادت جب بگڑ جائے تو کسی جمہوری یا آمرانہ طریق پر اس کی اصلاح نہیں ہوا کرتی بلکہ ایسے مواقع پر ہمیشہ اللہ تعالیٰ خود قیادت کے اہل کسی انسان کو قیادت کے لئے چنتا اور اپنی نظر کے نیچے اسے ایک جماعت کی تربیت کی توفیق عطا کرتا ہے۔ پس اس کے بعد وہ تربیت یافتہ جماعت اللہ تعالیٰ کے تصرّف اور منشاء کے مطابق اپنے درمیان سے ایک ایسے متقی شخص کا انتخاب کرتی چلی جاتی ہے جو خدا تعالیٰ کے فرستادہ کی نیابت کرتا ہے۔ اس طریق پر جب اللہ تعالیٰ کی منشاء اور مشیّت کے مطابق ایک دفعہ وہ ان کا امام مقرر ہو جاتا ہے تو پھر تا حیات وہ ان کا امام رہتا ہے اور کوئی دنیوی طاقت قیادت کی یہ چادر اس سے چھین نہیں سکتی۔

یہ امام جماعت انسانوں کے سامنے نہیں بلکہ صرف اپنے رب کے سامنے جوابدہ ہوتا ہے۔ گویا جہاں تک مذہبی جمہوریت کا تعلق ہے اس میں جمہور اللہ تعالیٰ کی مشیّت کا آلۂ کار تو ضرور بنائے جاتے ہیں مگر اقتدارِ اعلیٰ خدا ہی کے ہاتھ میں رہتا ہے اور وہی ایک مقتدر ہستی ہے جس کے سامنے یہ مذہبی قیادت ہمیشہ جواب دہ رہتی ہے۔

پس سوال یہ تھا کہ ان تینوں میں سے کونسا نظام اس جماعت کے لئے مناسب اور مفید ہوگا۔

جماعت احمدیہ نے حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ کے وصال پر متفقہ طور پر جس طریق پر اجماع کیا وہ امامت کا طریق تھا اس کے مقابل پر پیری مُریدی یا بادشاہی کے فرسودہ نظام کو بھی ردّ کر دیا گیا اور دنیاوی جمہوریت کے اس نظام کو بھی ٹھکرا دیا جو مغربی فلسفہ کی پیداوار ہے۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ حضور کے وصال کے بعد آپ کی تدفین سے پہلے جب آپ کی نعش مبارک بہشتی مقبرہ میں تدفین کے لئے لائی گئی تو جماعت کے برسرِ آوردہ لوگوں نے باہم مشورہ سے نئے امام کی جانشینی کے مسئلے پر غور کرنا شروع کیا۔ مکرم خواجہ کمال الدین صاحب نے جن کو اللہ تعالیٰ نے حضرت صاحب کی وفات سے دو چار روز پہلے رؤیا میں یہ دکھایا تھا کہ حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ کے وصال کے بعد حضرت حکیم نورالدین صاحب آپ کی جانشینی کریں گے بزرگانِ جماعت اور انجمن کے سرکردہ ممبروں میں حضرت حکیم مولوی نورالدین صاحب کو امام جماعت منتخب کرنے کے بارہ میں رائے ظاہر کی۔ تمام احباب جماعت کی نظریں پہلے ہی اس بزرگ اور عاشقِ صادق غلام پر پڑ رہی تھیں۔ چنانچہ بلا توقف ہر ایک نے آپ کے حق میں رائے دی۔ البتہ مولوی محمد احسن صاحب سے جب پوچھا گیا تو انہوں نے مشورہ دیا کہ حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب سے بھی مشورہ کر لینا ضروری ہے۔ چنانچہ جب آپ سے مشورہ لیا گیا تو آپ نے نہایت شرح صدر سے اس رائے سے اتفاق کرتے ہوئے فرمایا:۔

"حضرت مولانا سے بڑھ کر کوئی نہیں اور امام ضرور ہونا چاہیئے اور حضرت مولانا ہی امام ہونے چاہئیں ورنہ اختلاف کا اندیشہ ہے اور حضرت (بانیٔ سلسلہ احمدیہ) کو اللہ نے بتایا ہے کہ اس جماعت کے دو گروہ ہوں گے ایک کی طرف خدا ہوگا۔" (اصحاب احمد جلد دوم صفحہ ۵۸۹ طبع اوّل ۱۹۵۲ء)

حضرت حکیم مولوی نورالدین صاحب کی خدمت میں اکابرینِ جماعت نے جب متفقہ طور پر یہ درخواست کی کہ وہ امامت کی ذمہ داریاں سنبھال لیں تو آپ نے ایک نہایت پُراز معرفت تقریر فرمائی جس میں جماعت کو توحید کا سبق دے کر الٰہی خوشخبریوں کے پورا ہونے کے فلسفہ کے بارہ میں کچھ فرمایا اور پھر اپنے امام منتخب ہونے سے متعلق اپنے دلی جذبات اور خیالات کا ان الفاظ میں اظہار فرمایا:۔

"میری پچھلی زندگی پر غور کر لو۔ میں کبھی امام بننے کا خواہش مند نہیں ہوا۔ مولوی عبدالکریم صاحب امام الصلوٰۃ بنے تو میں نے بھاری ذمہ داری سے اپنے تئیں سبکدوش خیال کیا تھا میں اپنی حالت سے خوب واقف ہوں اور میرا رب مجھ سے بھی زیادہ واقف ہے میں دُنیا میں ظاہرداری کا خواہش مند نہیں۔ میں ہرگز ایسی باتوں کا خواہش مند نہیں۔ اگر خواہش ہے تو یہ کہ میرا مولا مجھ سے راضی ہو جائے۔ اس خواہش کے لئے میں دُعائیں کرتا ہوں۔ قادیان بھی اسی لئے رہا اور رہتا ہوں اور رہوں گا۔ میں نے اس فکر میں کئی دن گزارے کہ ہماری حالت حضرت صاحب کے بعد کیا ہوگی۔ اسی لئے میں کوشش کرتا رہا کہ میاں محمود کی تعلیم اس درجہ تک پہنچ جائے... اگر تم میری بیعت ہی کرنا چاہتے ہو تو سن لو کہ بیعت بِک جانے کا نام ہے۔"

آخر میں آپ نے ارشاد فرمایا:۔

"اب تمہاری طبیعتوں کے رُخ خواہ کسی طرف ہوں، تمہیں میرے احکام کی تعمیل کرنی ہوگی۔ اگر یہ تمہیں منظور ہو تو میں طوعاً و کرہاً اس بوجھ کو اٹھاتا ہوں۔ وہ بیعت کے دس شرائط بدستور قائم ہیں۔ ان میں خصوصیت سے میں قرآن کو سیکھنے اور زکوٰۃ کا انتظام کرنے، واعظین کے بہم پہنچانے اور ان امور کو جو وقتاً فوقتاً اللہ میرے دل میں ڈالے شامل کرتا ہوں۔ پھر تعلیم دینیات، دینی مدرسے کی تعلیم میری مرضی اور منشاء کے مطابق کرنا ہوگی اور میں اس بوجھ کو صرف اللہ کے لئے اٹھاتا ہوں (۔)۔

یاد رکھو کہ ساری خوبیاں وحدت میں ہیں جس کا کوئی رئیس نہیں وہ مر چکی۔"

اس تقریر کے بعد بیک زبان حاضرین نے بآوازِ بلند یہ عہد کیا کہ ہم آپ کے تمام احکام مانیں گے آپ ہمارے امیر ہیں اور حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ کے جانشین۔ چنانچہ اس اقرار کے بعد حضرت حکیم نورالدین امام جماعت احمدیہ الاوّل نے جملہ حاضرین سے جن کی تعداد بارہ ۱۲۰۰ سو تھی، بیعت لی اور سلسلہ عالیہ احمدیہ کی تاریخ میں ایک نیا دن طلوع ہوا۔

یہ دن قدرتِ ثانیہ کا دن تھا جس نے تا ابد جماعت احمدیہ کے ساتھ رہنا تھا اور جس کی خوشخبری حضرت بانیٔ سلسلہ نے جماعت کو دی تھی۔

امامتِ ثانیہ کا قیام

۱۲ مارچ ۱۹۱۴ء جمعہ کا دن تھا حسب سابق حضرت امام جماعت احمدیہ الاوّل نے صاحبزادہ مرزا محمود احمد صاحب کو خطبہ دینے کا ارشاد فرمایا۔ جمعہ سے کچھ دیر پہلے اچانک آپ کی طبیعت گرنے لگی۔ اکثر دوست جمعہ کیلئے بیت اقصیٰ میں جا چکے تھے۔ آپ نے ساعت وصال قریب دیکھ کر اپنے صاحبزادہ عبدالحی کو بلوایا اور فرمایا (۔)

"میں حضرت مرزا غلام احمد صاحب کو (۔) اور خدا کا برگزیدہ انسان سمجھتا ہوں مجھے ان سے اتنی محبت تھی کہ جتنی میں نے ان کی اولاد سے کی تم سے نہیں کی۔ قوم کو خدا کے سپرد کرتا ہوں اور مجھے اطمینان ہے کہ وہ ضائع نہیں کرے گا۔ تم کو میں نصیحت کرتا ہوں کہ خدا کی کتاب کو پڑھنا پڑھانا اور عمل کرنا۔ میں نے بہت کچھ دیکھا پر قرآن جیسی چیز نہ دیکھی۔ بے شک یہ خدا کی کتاب ہے۔ باقی خدا کے سپرد۔"

اسی طرح اپنی صاحبزادی امۃ الحی کو پیغام دیا کہ وہ میرے مرنے کے بعد میاں صاحب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سے کہہ دیں کہ عورتوں میں بھی درس دیا کریں

حضرت امام جماعت احمدیہ الاوّل کی وفات عین جمعہ کے وقت ہوئی۔ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر "دار السلام" جانے سے پہلے کچھ دیر کے لئے اپنے گھر تشریف لے گئے تو اچانک حضرت نواب محمد علی خاں صاحب کا ملازم گھبرایا ہوا پہنچا کہ نواب صاحب نے گھوڑا گاڑی بھیجی ہے فوراً تشریف لے آئیں چنانچہ آپ اسی وقت گاڑی میں سوار ہو کر روانہ ہو گئے لیکن ابھی راستہ ہی میں تھے کہ ایک دوسرا ملازم دوڑتا ہوا آیا اور حضرت امام جماعت احمدیہ الاوّل کے وصال کی اندوہناک خبر دی۔ آپ کوٹھی پہنچتے ہی اپنے نہایت مشفق استاد اور مہربان آقا کی نعش مبارک کے پاس پہنچے۔ اس سراپا نور مقدس وجود کا چہرہ دیکھا اور بڑے الحاح سے آپ کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کرنے کے بعد باہر دوستوں کے مجمع میں تشریف لے آئے باہر دوستوں کا غم سے برا حال ہوا جاتا تھا۔ جس نے بھی یہ خبر سنی پریشان حال دوڑتا ہوا "دار السلام" پہنچا۔ چنانچہ بہت جلد غمزدہ مخلصین کی ایک بھاری تعداد کوٹھی کے وسیع و عریض بیرونی صحن میں جمع ہو گئی۔ اسی حالت میں نماز عصر کا وقت ہو گیا۔ اور سب احباب نماز کے لئے بیت نور میں جمع ہو گئے۔ نماز کے بعد حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب نے ایک مختصر تقریر فرمائی اور فرمایا کہ یہ ایک نازک وقت ہے اور جماعت کے لئے ایک بھاری ابتلا کی گھڑی درپیش ہے۔ سب لوگ گریہ و زاری کے ساتھ اپنے خدا کے حضور دعائیں کریں کہ وہ اس اندھیرے وقت میں جماعت کے لئے روشنی پیدا فرمائے اور ہمیں ہر رنگ میں ٹھوکر سے بچا کر اس راستہ پر ڈال دے جو جماعت کے بہتر اور مبارک ہے۔ جن لوگوں کو طاقت ہو وہ کل ہفتہ کے دن روزہ رکھیں تاکہ رات کی نمازوں اور دعاؤں کے ساتھ کل کا دن بھی دعا اور ذکر الٰہی میں گزرے اس تقریر نے سکینت اور تسلی کی ایک لہر دلوں میں دوڑا دی اور سبھی اپنے خدا کے حضور جھکتے اور اسی سے فضل کی التجا کرتے ہوئے عاجزانہ دعاؤں میں لگ گئے۔

۱۴ مارچ ۱۹۱۴ء بروز ہفتہ قادیان میں حاضر الوقت احمدی احباب عصر کی نماز کے بعد انتخاب امامت کے لئے بیت نور میں جمع ہوئے۔ قریب دو ہزار کا مجمع تھا۔ سب سے پہلے نواب محمد علی خاں صاحب نے حضرت امام جماعت اوّل کی وصیت پڑھ کر سنائی جس میں جماعت کو ایک ہاتھ پر جمع ہو جانے کی نصیحت تھی۔ مولانا سید محمد احسن صاحب امروہی نے جو جماعت کے بڑے بزرگوں میں سے تھے، کھڑے ہو کر تقریر کی اور امامت کی ضرورت اور اہمیت بتا کر تجویز کی کہ حضرت امام جماعت احمدیہ اوّل کے بعد میری رائے میں ہم سب کو حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کے ہاتھ پر جمع ہو جانا چاہیئے کہ وہی ہر رنگ میں اس مقام کے اہل اور قابل ہیں۔ اس پر سب طرف سے ہاں حضرت میاں صاحب! حضرت میاں صاحب کی آوازیں اٹھنے لگیں اور سارے مجمع نے بالاتفاق اور بالاصرار کہا کہ ہم اس تجویز کو بدل و جان قبول کرتے ہیں۔

ہمارے آقا حضرت صاحبزادہ صاحب ہماری بیعت قبول فرما دیں اس پر حاضرین مجلس بلا توقف بے اختیار لبیک لبیک کہتے ہوئے حضرت صاحبزادہ صاحب کی طرف بڑھے۔

یہ نظارہ اور لوگوں کا جوش و خروش کسی دیکھنے والے کو بھولا نہ سکتا تھا۔ لوگ چاروں طرف سے بیعت کے لئے ٹوٹے پڑتے تھے اور یوں نظر آتا تھا کہ خدائی فرشتے لوگوں کے دلوں کو پکڑ پکڑ کر منشائے ایزدی کی طرف کھینچے لا رہے ہیں۔ اس وقت شوق کا یہ عالم تھا کہ لوگ ایک دوسرے پر گرے پڑتے تھے۔ چاروں طرف سے آواز اٹھ رہی تھی کہ حضور! ہماری بیعت قبول کریں۔ حضور! ہماری بیعت قبول کریں۔ حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب نے چند لمحات کے تامل کے بعد جس میں ایک عجیب قسم کا عالم تفکر تھا۔ فرمایا مجھے تو بیعت کے الفاظ بھی یاد نہیں۔ اس پر مولوی سید سرور شاہ صاحب نے کہا میں بیعت کے الفاظ بولتا جاتا ہوں۔ آپ ان کو دہراتے ہوئے لوگوں کی بیعت لینا قبول کریں۔

غرض جب حاضر الوقت لوگوں کا اصرار بڑھا تو آپ نے پوری ذمہ داری محسوس کرتے ہوئے اپنا ہاتھ بیعت لینے کے لئے بڑھایا۔ اور بیعت شروع ہو گئی۔ الفاظ بیعت کا سننا تھا کہ تمام مجلس پر ایک سناٹا چھا گیا۔ جو لوگ قریب نہیں پہنچ سکتے تھے انہوں نے اپنی پگڑیاں پھیلا کر یا ایک دوسرے کی پیٹھوں پر ہاتھ رکھ کر بیعت کے الفاظ دہرائے اور اس طرح حضرت بانیٔ سلسلہ کی یہ بتائی ہوئی خبر کمال بڑی شان کے ساتھ پوری ہوئی کہ "میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔"

بیعت کے بعد لمبی دعا ہوئی پھر حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد امام جماعت احمدیہ الثانی نے ایک روح پرور اور سکینت بخش تقریر فرمائی۔

امامتِ ثالثہ کا قیام

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ الثانی ۸ نومبر ۱۹۶۵ء کو انتقال فرما گئے۔ آپ کی وفات کے بعد امامت ثالثہ کا انتخاب عمل میں آیا۔ سیکرٹری صاحب مجلس مشاورت کی طرف سے اس ضمن میں جو اعلان شائع ہوا۔ وہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے

"تمام احباب جماعت احمدیہ کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ آج مورخہ ۸ نومبر ۱۹۶۵ء بعد نماز عشاء (بیت) مبارک ربوہ میں سیدنا حضرت (امام جماعت احمدیہ الثانی) کی مقرر کردہ مجلس انتخاب (امامت) کا اجلاس بصدارت جناب مرزا عزیز احمد صاحب ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ منعقد ہوا جس میں حسب قواعد ہر ممبر نے (امامت) سے وابستگی کا حلف اٹھایا اور اس کے بعد حضرت مرزا ناصر احمد صاحب سلمہ ربہ کو آئندہ کے لئے (امام جماعت) منتخب کیا۔ اراکین مجلس انتخاب نے اسی وقت آپ کی بیعت کی۔ جس کے بعد آپ نے خطاب فرمایا اور پھر تمام موجود احباب نے جن کی تعداد اندازاً پانچ ہزار تھی رات ۱۰½ بجے آپ کی بیعت کی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس انتخاب کو منظور فرما کر نہایت بابرکت فرمائے۔ اس طرح ہم ایک دفعہ پھر ایک نازک دور میں سے گزر کر الوصیت کی (خدائی خبر) کے مطابق ایک ہاتھ پر جمع ہو گئے ہیں (ـــ)

سیکرٹری مجلس مشاورت

(الفضل ۱۰ نومبر ۱۹۶۵ء)

امامتِ رابعہ کا قیام

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ الثالث ۹ جون ۱۹۸۲ء کو اسلام آباد میں وفات پا گئے۔ آپ کی وفات کے بعد ربوہ میں ۱۰ جون ۱۹۸۲ء کو امامت رابعہ کا انتخاب ہوا۔ اس بارے میں سیکرٹری مجلس شوریٰ نے درج ذیل اطلاع دی جو ضمیمہ الفضل ۱۰ جون ۱۹۸۲ء کو شائع ہوئی

"تمام احباب جماعت ہائے احمدیہ کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ آج مورخہ ۱۰ جون ۱۹۸۲ء بروز جمعرات بعد نماز ظہر (بیت) مبارک ربوہ میں سیدنا حضرت (امام جماعت احمدیہ الثانی) کی مقرر کردہ مجلس انتخاب (امامت) کا اجلاس بصدارت جناب صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب منعقد ہوا۔ جس میں حسب قواعد ہر رکن نے (امامت) احمدیہ سے وابستگی کا حلف اٹھایا اور اس کے بعد حضرت مرزا طاہر احمد صاحب سلمہ ربہ کو (امام جماعت) منتخب کیا۔ اراکین مجلس انتخاب (امامت) نے اسی وقت آپ کی بیعت کی جس کے بعد احباب کو (بیت) میں آنے کی عام اجازت دے دی گئی اور (بیت) اور گرد و نواح کے جملہ موجود احباب جماعت نے جن کی تعداد تقریباً بیس سے پچیس ہزار کے درمیان تھی آپ کی بیعت کی۔ بیعت لینے کے بعد حضرت (امام جماعت احمدیہ الرابع) ایدہ اللہ نے نماز عصر پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ اس انتخاب کو منظور فرماتے ہوئے اسے بابرکت فرمائے۔

اے ہمارے رحیم اور رحمٰن خدا!

اے ہمارے کریم اور ودود رب! ہم تیرے شکر گزار ہیں کہ تو نے ہمیں اپنے فضل سے نوازا اور ہماری حالتِ خوف کو ایک بار پھر امن میں بدل دیا۔ اے ہمارے قادر اور قیوم خدا ہم اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ ایک بار پھر تیرے (حضرت بانیٔ سلسلہ کی بتائی ہوئی خدائی خبر) مندرج رسالہ الوصیت پوری شان و شوکت کے ساتھ پوری ہوئی (ـــ)

خاکسار

سیکرٹری مجلس شوریٰ

۱۰ جون ۱۹۸۲ء بوقت پونے پانچ بجے شام

(ضمیمہ الفضل ۱۰ جون ۱۹۸۲ء)

خدا سے ذاتی تعلق

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

"ہمارا اوڑھنا بچھونا دعا ہی ہے اور ہمیشہ دعا ہی ہمارا اوڑھنا بچھونا رہنی چاہیئے۔ خدا سے ذاتی تعلق ہی جماعت احمدیہ کی زندگی ہے اور کسی ایک انسان کا خدا سے ذاتی تعلق کا ہونا کافی نہیں ہو سکتا۔ بلکہ بکثرت دنیا کے کونے کونے میں ہر احمدی کو یہ تعلق ذاتی طور پر قائم کرنا ہو گا اور ہر احمدی کو اپنے علاقہ کے لئے اس الٰہی تعلق کا نشان بننا ہو گا۔ جب تک بکثرت تمام دنیا میں احمدیت کی صداقت کا یہ نشان ظاہر نہیں ہوتا۔ آپ محض دلیل کی رُو سے دنیا کے دل نہیں جیت سکتے۔ دنیا اتنی تیزی کے ساتھ مادہ پرستی کی طرف دوڑ رہی ہے کہ وہ نقد سودوں کی عادی ہو چکی ہے۔ مشاہدات کی دنیا میں رہتے رہتے انسان محض اس چیز کا قائل ہونے پر آمادہ ہوتا ہے جسے وہ آنکھوں کے سامنے پورا ہوتے دیکھے۔"

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فارسی منظوم کلام

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ فرماتے ہیں:

تا نہ باشیم از وجودِ خود بروں
تا نہ گردد پُر ز مہرش اندروں

جب تک ہم اپنے وجود سے علیحدہ نہ ہو جائیں اور جب تک سینہ اسکی محبت سے بھر نہ جائے

تا نہ بر ما مرگ آید صد ہزار
کے حیاتے تازہ بینیم از نگار

جب تک ہم پر لاکھوں موتیں وارد نہ ہوں تب تک ہمیں اس محبوب کی طرف سے نئی زندگی کب مل سکتی ہے

تا نہ ریزد ہر پرو بالے کہ ہست
مرغِ ایں رہ را پریدن مشکل است

جب تک اپنے اگلے بال و پر نہ جھاڑ ڈالے تب تک اس راہ کے پرندے کیلئے اڑنا مشکل ہے

بدنصیبے آنکہ وقتش شد بباد
یار آزردہ دلِ اغیار شاد

بدقسمت ہے وہ شخص جس کا وقت برباد ہو گیا۔ یار ناراض ہو گیا اور دشمنوں کا دل خوش ہوا

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ ان اشعار میں اللہ تعالیٰ سے محبت کے طریق پر روشنی ڈالتے ہیں۔ جب تک انسان اپنی خودی میں غرق رہتا ہے اس وقت تک وہ اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل نہیں کر سکتا۔ حضور فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے محبت کے لئے لازم ہے کہ ہم اپنے وجود سے الگ ہو جائیں جس کا مطلب یہ ہے کہ اس حد تک عجز و انکسار کریں کہ گویا ہمارا کوئی وجود ہے ہی نہیں اور یہاں وجود سے مراد جسم نہیں بلکہ اپنے خیالات اپنی امنگیں اور اپنے ارادے ہیں۔ حضور فرماتے ہیں کہ جب تک ہم ان تمام باتوں کو ترک نہیں کر دیتے اس وقت تک ہمارے دل میں خدا تعالیٰ کی محبت صحیح معنوں میں پیدا نہیں ہو سکتی ہمیں چاہیئے کہ ہم ان باتوں سے گریز کریں اور اللہ تعالیٰ کی محبت کو اپنے سینے میں جگہ دیں۔

ان باتوں سے جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے حضور اس طرح بھی بیان فرماتے ہیں کہ جب تک ہم پر لاکھوں موتیں نہ وارد ہو جائیں اس وقت تک ہم اللہ تعالیٰ سے نئی زندگی حاصل نہیں کر سکتے۔ موت کا وارد ہونا بھی دراصل اپنی خواہشات کو مارنے کے مترادف ہے جب تک انسان اپنی خواہشات کی پرستش کرتا ہے جب تک اس کے دل میں یہ خواہش رہتی ہے کہ اس کی دنیاوی امیدیں بر آتی رہیں اور اس کی خواہشات پوری ہوتی رہیں اس وقت تک اگرچہ دنیاوی زندگی تو اسے حاصل رہتی ہے لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس نے اللہ تعالیٰ سے ایک نئی روحانی زندگی پالی ہے۔ نئی روحانی زندگی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسی وقت ملتی ہے جب انسان اپنی نفی کرتا ہے اور اپنے آپ کو کلی طور پر اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے گویا کہ اپنے آپ کو کلی طور پر خدا تعالیٰ کے سپرد کر دے۔ وہ اپنے ساز و سامان کے متعلق یہ نہ سمجھے کہ یہی اس کی کامیابی کا باعث بن سکتے ہیں جس طرح عام حالات میں پرندے کو اڑنے کے لئے بال و پر چاہئیں اور وہ بال و پر کے بھروسہ پر ہی اڑتا ہے جس کے مقابل پر حضور فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قدم مارنے کے لئے یا اس کی راہ میں پرواز کے لئے انسان کو اپنے بال و پر سے بے بہرہ ہونا پڑتا ہے۔ حضور فرماتے ہیں کہ جس شخص نے اپنا وقت برباد کیا یعنی جو باتیں بتائی گئی ہیں ان کے مطابق عمل نہ کیا وہ اپنے دنیاوی دوستوں کو جو درحقیقت اس کے دشمن ہیں خوش کر سکتا ہے لیکن اپنے دوست کو یعنی خدا تعالیٰ کو ناراض کرنے کا باعث بن جائے گا اور اس میں کیا شک ہے کہ جو شخص بھی ایسا کرے وہ بدنصیب ہی کہلانے کا مستحق ہے۔ گویا کہ ان اشعار میں حضور نے ہماری توجہ اس بات کی طرف مبذول کروائی ہے کہ خدا تعالیٰ کو حاصل کرنے کے لئے ہمیں ایسے عجز و انکسار کا مظاہرہ کرنا چاہیئے کہ گویا ہم اپنی زندگی اور اپنے ساز و سامان کی کلی طور پر نفی کر رہے ہیں۔ اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے در پر اس طرح جھکا دے کہ جو کچھ ملے گا اسی سے ملے گا اور جو کچھ اس سے ملے گا وہی دراصل ہماری مراد ہے۔

حضور فرماتے ہیں کہ اس سلسلے میں کسی شخص کو اپنا وقت برباد نہیں کرنا چاہیئے یہ بات کہ ایسا ہم آئندہ کر لیں گے وقت برباد کرنے کے مترادف ہے ہمیں فوری طور پر اپنے آپ کو خدا کے اس طرح حوالے کر دینا چاہیئے کہ وہ ہمیں ایک نئی زندگی عطا فرما دے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں حضور کے ان اشعار کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق دے۔ ہم اپنی دنیاوی زندگی کی نفی کرتے ہوئے اس سے روحانی زندگی پالیں اور یہی دراصل انسان کی پیدائش کا مقصد ہے۔

سیدنا حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ فرماتے ہیں:

"انسان کے واسطے یہ مشکل ہے کہ وہ سچی توبہ کرے۔ ایک طرف سے توڑ کر دوسری طرف جوڑنا نہایت مشکل ہوتا ہے۔ ہاں مگر جسے خدا تعالیٰ توفیق دے۔ ہاں ادب سے، حیا سے، شرم سے اس سے دعا اور التجا کرنی چاہیئے کہ وہ توفیق عطا کرے اور جو ایسا کرتے ہیں وہ پا بھی لیتے ہیں۔ اور ان کی سُنی بھی جاتی ہے۔"

(ملفوظات جلد سوم صفحہ ۲۵۰)

خط و کتابت کرتے وقت پیکٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

۰- فوٹو گرافی ۰- فوٹو سٹیٹ
۰- سامان فوٹو گرافی ۰- پولارائڈ فوٹو
کیلئے
فوٹو پائنٹ
۴- بلال مارکیٹ ربوہ کو یاد کریں
فون ——— ۷۳۶

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
ھُوالنَّاصِر
الرحیم
جیولرز
پہلی منزل بھایانی چیمبرز
خورشید مارکیٹ حیدری
کراچی۔ فون 664-0231
664-3442
فیکس (92-21) 6643299

حبوب مفید اٹھرا
۲۰۔ گرام ۱۶/-
۹۰۔ گرام ۴۸/-

اکسیر اولاد نرینہ
(کورس)
۱۵۰/- روپے

زد جام عشق
خاص
۴۸۰/- روپے

روشن کاجل
۵/- روپے

تریاق معدہ
۱۰/- روپے
۲۰/- روپے

NASIR

دگو اتدبیر ہے اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ
فون: ۶۳۴ فیکس: ۵۲۴ - ۴۵۲۴

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مولانا سلطان محمود انور

مسلمانوں میں نظام خلافت کا قیام

برصغیر کی تقسیم سے قبل بھی کبھی کبھی ایسی آواز کان میں پڑتی رہتی تھی کہ عالم اسلام کی جملہ مشکلات کا حل نظام خلافت کے قیام میں مضمر ہے۔ لیکن پاکستان کے قیام کے بعد نظام خلافت کے لئے جذبے شدت سے اُبھرنے لگے۔ آج پاکستان کے قیام پر بھی چھیالیس سال کا طویل عرصہ گذر چکا ہے۔ لیکن ایسے نظام خلافت کے قیام کا معاملہ جس سے عالم اسلام کی مشکلات اور مصائب رفع ہو جائیں ہنوز روز اوّل والا معاملہ ہے دراصل عوام الناس کو ان عوامل کا سطحی علم بھی نہیں۔ جو نظام خلافت کے قیام میں آج تک روک بنے ہوئے ہیں۔ لیکن خواص بھی اگر ان عوامل سے آگاہ ہیں تو پھر بھی انہیں زبان پر لانے سے مستقلاً گریزاں چلے آتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ان موانع سے پردہ اٹھائے بغیر قدم آگے نہیں بڑھ سکتا۔ لیکن اُن موانع کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر نظام خلافت کے قیام کی راہ سے انہیں دور ہٹانا یقیناً جان جوکھوں کا کام ہے۔ جو کسی فردِ واحد یا چند بے یار و مددگار افراد کے بس کا روگ نہیں۔ اس لئے خلافت کے نظام کی آرزو اور زبانی ہاؤ ہُو سے بات طویل عرصہ میں آگے نہیں بڑھی۔ اور۔ خدا لگتی بات یہ ہے۔ کہ جو لوگ محض بیان بازی اور لچھے دار تقریر، تحریر کے ذریعہ کام نکالنا چاہتے ہیں انہیں دراصل سنجیدگی کے ساتھ نظام خلافت کے قیام کی راہ میں جو دیواریں اور روکیں حائل ہیں۔ ان کو منظر عام پہ لانا چاہیئے۔ تاکہ اگر وہ اپنی ذہنی کاوشوں اور فکری صلاحیتوں سے ان دیواروں کو عبور نہیں کر سکتے۔ تو خدا کا دیگر کوئی بندہ شاید اس راہ میں کوئی مفید خدمت انجام دے سکے۔

نظام خلافت کے قیام میں سب سے پہلی اور بنیادی روک دراصل یہ چلی آتی ہے کہ جس ہستی کو عالم اسلام میں "خلیفہ" کے بلند منصب پر قوم و ملت دیکھنا چاہتی ہے۔ وہ خلیفہ یعنی جانشین کس کا متصور ہو اس کا PREDECESSOR یعنی پیش رو جو درحقیقت اصل اور افضل کا مقام رکھتا ہے۔ کون ہے؟ جس کا یہ خلیفہ یعنی جانشین کہلائے۔ کیونکہ یہ تو ہر کس و ناکس پر عیاں ہے کہ خلیفہ کسی کا جانشین ہوتا ہے۔ آج جس شخص کو خلیفہ قرار دیا جائے یا جو خلیفہ قرار پائے۔ اسے کس کا جانشین سمجھا جائے؟ گویا پہلے اس افضل ہستی کی تلاش اور تعیین ضروری ہے۔ جس کے جانشین کو دنیا کے سامنے پیش کرنا مقصود ہے کیونکہ جانشین کو قبول کرنے میں اس امر کا گہرا دخل ہے کہ اصل ہستی کون اور کس مقام و درجہ کی تھی۔ اس سوال سے آگے بہت سی شاخیں پھوٹتی ہیں۔ لیکن یہاں صرف ایک اشارہ کرنا ہی مقصود ہے۔ تاکہ وہ بنیاد کھل کر سامنے آ جائے۔ جس پر نظام خلافت کی عمارت تعمیر کرنا مقصود ہے۔

